فضائلِ علم

تصنیف : مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری

ملنے کے پتے : (۱) مکتبہ دارالعلوم کراچی ۱۴

(۲) مکتبہ اسلامیات - ۱۹۰ انارکلی - لاہور

صفحات ۱۶۶ - قیمت چار روپے پچاس پیسے

یہ کتاب بھی مشہور عالم مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے - اس میں ایسی چالیس احادیث مع ترجمہ و تشریح درج کی گئی ہیں، جو فضیلتِ علم، حصول علم، مرتبہ طلبا اور فضائل اہلِ علم سے تعلق رکھتی ہیں - ساتھ ہی دیگر کتابوں کے حوالے سے طلبائے علم اور علمائے کرام سے متعلق کچھ واقعات بھی بیان کیے گئے ہیں - یہ واقعات صاف اور عام فہم زبان میں بیان ہوئے ہیں - ان میں بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ دلچسپ بھی ہیں اور سبق آموز بھی - !

اس قسم کی کتابیں گھروں میں رکھنی چاہئیں اور مردوں، عورتوں اور بچوں کو ان کا مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ ان کے دل میں دینی علم کی قدر و منزلت پیدا ہو اور ذہن میں نکھار اور صفائی جلوہ گر ہو -

کتابت، طباعت، کاغذ عمدہ -

ماہنامہ تعلیمات - لاہور

مدیر اعلیٰ : منور ابنِ صادق

ادارۂ تحریر : ملک امیر الدین احسن، پروفیسر محمد شفیع مرزا، مس کشور صدیقی، عطش درانی

سالانہ بدل اشتراک : پندرہ روپے — قیمت فی پرچہ : ایک روپیہ پچاس پیسے

ملنے کا پتا : انجمن فاضلین ادارہ تعلیم و تحقیق، جامعہ پنجاب نیو کیمپس - لاہور

ماہنامہ "تعلیمات" کا پہلا شمارہ پیش نگاہ ہے، یہ مارچ ۱۹۷۸ کا شمارہ ہے - ۴۸ صفحات پر مشتمل ہے - مضمون نگار حضرات میں ڈاکٹر سید عبداللہ اور ڈاکٹر وحید قریشی ایسے ملک کے مشہور اہلِ علم کے اسمائے گرامی شامل ہیں - عملۂ ادارت میں جن حضرات کے نام درج ہیں، وہ سلجھے ہوئے اور تجربہ کار اہلِ قلم ہیں - مضمون تحقیقی اور علمی ہیں - ہم اپنے قارئین سے اس کی خریداری کی سفارش کرتے ہیں -

(م - ی - ب)